# حضرت فاطمہ(سلام اللہ علیہا) کے نورانی احادیث

<"xml encoding="UTF-8?>




حضرت فاطمہ زہراء(سلام اللہ علیہا) کے چالیس گوہربار نورانی احادیث (قسط-2)

ماخوذ از کتاب: چھل حدیث فاطمی

ترجمہ: یوسف حسین عاقلی پاروی

۱۲- فیصلے میں عدالت اور انصاف

عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... العَدلَ فِی الأَحکامِ إیناساً للرَّعِیةِ .

حضرت فاطمہ زہراء(سلام اللہ علیہا) نے فرمایا: خداوند تعالیٰ نے لوگوں کے امن وامان کے لئےاپنے فیصلوں میں عدالت اور انصاف کو واجب قرار دیا۔

(کتاب من لا یحضره الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ص ۴۹۴۰)

۱۳.امر بہ معروف

عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... الأَمرَ بِالمَعرُوفِ مَصلَحَةً لِلعَامَّةِ.

خداوند عالم نےامر بہ معروف کو لوگوں اور معاشرے کی اصلاح کےلئے، واجب قرار دیا ہے.

(کتاب من لا یحضره الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ص ۴۹۴۰)

۱۴.قصاص

عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... القِصاصَ حَقناً لِلدِّماءِ .

خداوند نے قصاص کو خلقِ خدا کے خون کی حفاظت کے لئے واجب قرار دیا

(کتاب من لا یحضره الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ص ۴۹۴۰)

۱۵.وعدہ وفائی

عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... الوَفاءَ بِالنَّذرِ تَعریضاً لِلمَغفِرَةِ .

خداوند نےنذر اور وفاء(وعدہ وفائی) کو مغفرت اور بخشش سے روشناس کرانے کےلئےواجب قرار دیا۔
(کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ص ۴۹۴۰)
۱۶.حج
عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... الحَجَّ تَسنِيَةً لِلدّينِ .
پروردگار عالم نے حج کو دین ِاسلام کی شان و شوکت کے لئے فرض کیا۔(کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵٦٨ ح ۴۹۴۰)
۱۷.عدالت
عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... العَدلَ تَسكيناً لِلقُلوبِ .
خداوندعالم نےعدالت اور انصاف کودلوں کی تسکین اور آرامش کے لئےواجب قراردیا.
(کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)
۱۸.والدین کے ساتھ نیکی
عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... بِرَّ الوالِدَينِ وِقايَةً عَنِ السَّخَط .
پروردگار عالم نے والدین کے ساتھ نیکی اور اچھائی کو [پروردگارکی] ناراضگی سے بچنے کے لئے فرض کیاہے۔
(کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)
۱۹.جہاد
عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ... الجِهادَ عِزّاً لِلإِسلامِ .
خداوندعالم نے جہاد کودینِ اسلام کی عزّت کےلئے، واجب قرار دیا ہے۔
(کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ح ۴۹۴۰)
۲۰. نماز اور تکبروحسد
عن فاطمة الزهراء: فَرَضَ اللّهُ ... الصَّلاةَ تَنزيهاً عَنِ الكبرِ .
خداوندعالم نے نمازکوحسد اورکبروتکبرسے بچنے کےلئےواجب قرار دیا ہے
کتاب من لا یحضرہ الفقیه : ج ۳ ص ۵۶۸ ص ۴۹۴۰
۲۱. نماز ظہرکے بعد، دعاء
عن فاطمة الزهراء:فی دُعائِها عَقيبَ فَريضةِ الظُّهرِ:
اللّهُمَّ إنّي أسألُک قَولَ التَّوّابينَ وعَمَلَهُم، ونَجاةَ المُجاهِدينَ وثَوابَهُم .
حضرت فاطمہ زہراء(س)ظہرکی نماز کے بعد اس دعاء کی تلاوت کیاکرتی تھی :۔
پروردگارا!
میں تجھ سے توبہ کرنے والوں کے گفتار و کردار، قول و فعل اور سعی وتلاش، جدوجہد اور جہادکرنے والوں کی نجات اور اجر وثواب کا سوال کرتی ہوں۔
(فلاح السائل : ص ۳۱۲ ح ۲۱۲)
۲۲.عبادت خالصانہ
عن فاطمة الزهراء: مَن أصعَدَ إلَى اللّهِ خالِصَ عِبادَتِهِ، أهبَطَ اللّهُ عزوجل إلَيهِ أفضَلَ مَصلَحَتِهِ .
جو شخص اپنی خالص اورخلوصِ عبادت کے ذریعے خدا کے حضور پیش ہوتاہےپروردگار بھی اسےکےلئے اپنےبہترین مصلحتوں کو قرار دیتا ہے ۔ (عدّة الداعي : ص ۲۱۸)

۲۳.فلسفه وجوب زکات

عن فاطمة الزهراء: جَعَلَ اللّهُ... الزَّكاةَ تَزكيةً لِلنَّفسِ، ونَماءً فِى الرِّزقِ .

خداوند عالم نے زکات کو اس لئے فرض کیا تاکہ انسان کی نفس، پاک ہو اور رزق و روزی میں اضافہ اور برکت ہو.

(الاحتجاج : ج ۱ ص ۲۵۸ ح ۴۹)

۲۴.سخاوت

عن فاطمة الزهراء: قالَ لى أبى رَسولُ اللّهِ(ص): السَّخاءُشَجَرَةٌ فِى الجَنَّةِ وأغصانُها فِى الدُّنيا، فَمَن تَعَلَّقَ بِغُصنٍ مِن أغصانِهاأدخَلَهُ الجَنَّةَ

میرے والد، رسول اکرم ( صلی اللہ علیہ وآلہ سلم )نے مجھ سے فرمایا: سخاوت جنت کے ایک درخت ہے اور اس کی شاخیں دنیا میں ہیں۔ جو اس کے دروازے کی شاخوں میں سے کسی پرسوار ہو(آویزاں اور لٹکائے )گا وہ بہشت میں جائے گا۔

(دلائل الإمامة : ص ۷۱ ح ۹)

---

https://alhassanain.org/urdu/?com=content&view=category&id=33&page=1